

اکتوبر 2024 سے

# واش ووڈ ہیتھ
# آسٹن چرچ روڈ بندہوگا

## ٹول کٹ

# تعارف

ہائی اسپیڈ ریل ٹو (HS2) برطانیہ عظمی کا نیا تیز رفتار ریلوے ہے۔ آپریشنل ہونے کے بعد، HS2 کی برطانیہ میں بنائی گئی بلٹ ٹرینیں برمنگھم (Birmingham) اور لندن (London) کے درمیان صفر-کاربن والی سفر کی سہولیات مہیا کریں گی جبکہ روایتی ریلوے نیٹ ورک کا استعمال کرتے ہوئے مینچسٹر (Manchester)، نارتھ-ویسٹ (North-West) اور اسکاٹ لینڈ (Scotland) پر خدمات جاری رہیں گی۔

HS2 کا کانٹریکٹر Balfour Beatty VINCI (BBV) واروکشر (Warwickshire) میں لانگ اچنگٹن ( Long Itchington) اور سنٹر آف برمنگھم کے درمیان اور یہاں سے اسٹیفورڈ شر (Staffordshire) تک 90 کیلو میٹر HS2 ٹریک بنا رہا ہے۔

**ٹرانسپورٹ فار ویسٹ مڈلینڈز (TfWM)** سے تعاون پا کر، **BBV, HS2 اور برمنگھم سٹی کونسل (BCC)** اس بات کو یقینی بنانے کے لیے شراکت میں کام کر رہے ہیں کہ جملہ کمیونٹیوں اور متعلقہ لوگوں کو پیشگی معلوم ہو اور وہ ان کاموں سے وابستہ ٹریفک مینجمنٹ کے انتظامات سے واقف ہوں۔

یہ ٹول کٹ مزید معلومات حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا اور شہر کے **واش ووڈ ہیتھ (Washwood Heath)** اور **ایسٹ سائڈ (Eastside)** کے علاقوں میں جاری کام کے آس پاس آپ کے سفر کی منصوبہ بندی میں مدد فراہم کرے گا۔

# واش ووڈ ہیتھ ایریا میں کیا ہو رہا ہے

برمنگھم کے واش ووڈ ہیتھ علاقے میں HS2 کی سہولیات کے حصول کے لیے اگلے دس سال تک کام جاری رہے گا اور اس میں جلد ہی تیزی لائی جائے گی۔ اس کام میں آسٹن چرچ روڈ اوور برج اور سالٹلے وایاڈکٹ (B4114) کا انہدام اور دوبارہ تعمیر شامل ہیں۔ نئے پل برمنگھم میں سالٹلے، واش ووڈ ہیتھ اور نیچلز کو جوڑنے والی تیز رفتار ریل تک پھیلے ہوں گے۔

آسٹن چرچ روڈ اوور برج برمنگھم سٹی سنٹر کے شمال مشرق میں دو میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اصل پل کو منہدم کر دیا جائے گا کیوں کہ HS2 ریل لائن کے گزرنے کے لیے اضافی جگہ درکار ہے۔ نئے آسٹن چرچ اوور برج پر تعمیراتی کام اب 2024 کے موسم خزاں میں شروع ہونا متوقع ہے جبکہ کام کا پروگرام 14 تا 18 ماہ جاری رہے گا۔


پرانے پل کو توڑنے اور اس کی جگہ نیا پل تعمیر کرنے کے لیے آسٹن چرچ روڈ پر موٹر گاڑیوں کی آمد ورفت کو پوری طرح بند کرنا ہوگا جبکہ نشان والے ڈائیورژن موجود ہوں گے۔

پیادہ اور سائیکل سے چلنے والے سڑک بند رہنے کے دوران بھی اس کا استعمال کر سکیں گے۔


یہ ٹول کٹ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس علاقے میں سفر پر کام کے جملہ اثرات کی واضح انداز میں مواصلت کی جائے اور متاثرہ کمیونٹیوں اور متعلقہ افراد کو کام شروع ہونے سے پہلے اس علاقے میں سفر سے متعلق مدد کے لیے مناسب معلومات فراہم کی جائیں۔

# کیا ہو رہا ہے

آسٹن چرچ روڈ اکتوبر 2024 سے بند ہے



# سفارش شدہ ڈائیورژن روٹ




روڈ بند رہنے کے دوران، سالٹلے وایاڈکٹ (B4114) سے ہو کر واضح طور پر مارک کیا ہوا ایک ڈائیورژن روٹ کام کرے گا۔

آسٹن چرچ روڈ کے بند ہونے سے درج ذیل روڈ متاثر ہوں گے:

- الم راک روڈ (Alum Rock Road)
- سالٹلے وایاڈکٹ (Saltley Viaduct)
- واش ووڈ ہیتھ روڈ
- بورڈزلے گرین روڈ (Bordesley Green Road)
- A47 ہارٹ لینڈز پارک وے (A47 Heartlands Parkway)

# ہم لوگ کس طرح مدد کر رہے ہیں؟

BBV ان کاموں کا منصوبہ بنانے اور انہیں محفوظ انداز میں بر وقت ڈلیور کرنے کے لیے HS2، برمنگھم سٹی کونسل (BCC)، ٹرانسپورٹ فار ویسٹ مڈلینڈز (TfWM) اور بنیادی ٹرانسپورٹ فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

ہمارا اصل مقصد ان تمام لوگوں کے لیے مسلسل اور مربوط پیغامات فراہم کرنا ہے جو اس علاقے میں اور اس کے آس پاس سفر کر رہے ہیں نیز ان کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے کہ وہ اپنے سفر کی منصوبہ بندی کر کے بھیڑ بھاڑ کم کرنے میں مدد کریں۔

اس ٹول کٹ میں کچھ مفید معلومات ہیں جو اس بندش کے بارے میناپنے ساتھیوں، گاہکوں، طلبہ اور کلائنٹس کو بتانے میں آپ کی مدد کریں گی یہ حسب ضرورت سوشل میڈیا مارکیٹنگ کی ستائش کرتا ہے۔

براہ کرم یہ ٹول کٹ اپنے مارکیٹنگ اور کمونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کے ساتھ شیئر کریں تاکہ آسٹن چرچ روڈ بند ہونے کے دوران کام سے متعلق لوگوں کو بتانے میں ہماری مدد کر سکیں۔

اگر آپ کا کوئی مخصوص ڈپارٹمنٹ نہیں ہے تو غور کریں کہ آپ کو اس پیک سے کن معلومات کے استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی، تاکہ اپنے اسٹاف، گاہکوں اور طلبہ کو بتا سکیں:

**اس ٹول کٹ میں شامل ہیں:**

- ڈیجیٹل چینلوں کے لیے مناسب مواد اور امیجز
- A4 پوسٹر
- A5 ڈیجیٹل فلائر
- اسکرین سیور
- HS2 ایڈوانسڈ ورک کے اطلاع نامہ کا لنک
- فوری لنکس تک پہنچنے کے لیے QR کوڈ
- آپ کی تنظیم کے لیے پائیدار سفر کے عوض حوصلہ افزا انعامات

# آپ کے مواد کے لیے مجوزہ کاپی

نیوز لیٹر کے لیے پیغامات:

آسٹن چرچ روڈ 5 اکتوبر 2024 کو تقریبا 14 مہینوں کے لیے بند ہو رہا ہے۔ اگر آپ واش ووڈ ہیتھ علاقے میں اور اس کے آس پاس سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے سفر کے لیے وقت کی زیادہ گنجائش رکھنی ہوگی۔ سالٹلے وایاڈکٹ سے ہو کر نشان والا ایک ڈائیورژن روٹ کام کرے گا۔ مقامی بس روٹ متاثر نہیں ہوں گے مگر 14، 94 اور 95 نمبر بس کی خدمات پر سفر میں زیادہ لمبا وقت لگ سکتا ہے۔ آسٹن چرچ روڈ پیادہ چلنے والوں اور سائیکل چلانے والوں کے لیے کھلا رہے گا۔ جہاں تک مقامی طور پر سفر کرنے کا تعلق ہے تو اپنی منزل تک پیدل اور سائیکل سے جانے پر غور کریں۔

www.tfwm.org.uk/washwoodheath پر کسی بھی تبدیلیوں سے مطلع رہیں اور نقل وحمل کے لیے سفر کے پلانر کا استعمال کریں۔

ٹیکسٹ میسیج بھیجنا:

5 اکتوبر سے آسٹن چرچ روڈ بند ہو رہا ہے اور اس دوران ٹریفک کو سالٹلے وایاڈکٹ سے ڈائیورٹ کر دیا جائے گا۔ براہ کرم اپنے سفر کے لیے زیادہ وقت کی گنجائش رکھیں۔ www.tfwm.org.uk/washwoodheath پر تازہ ترین واقفیت رکھیں۔

آپ کے علاقے میں HS2 کی ویب سائٹ نیز www.tfwm.org.uk پر ٹریفک مینجمنٹ کی تازہ ترین اطلاعات شیئر کی جائیں گی۔

بند کے بارے میں تازہ اطلاعات موصول کرنے کے لیے، https://www.hs2.org.uk/birmingham پر برمنگھم میں HS2 کو سبسکرائب کریں۔

# سفر سے متعلق بنیادی صلاح

TfWM نے سفر سے متعلق درج ذیل صلاح دی ہے تاکہ آپ کو یہ جاننے میں مدد حاصل ہو کہ بند ہونے کے دوران آپ کو کہاں جانے کی ضرورت ہے:

- **پیشگی تیاری کریں اور اپنے سفر کے لیے وقت کی زیادہ گنجائش رکھیں:** اگر آپ واش ووڈ ہیتھ ایریا میں یا اس کے آس پاس سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے سفر کے لیے وقت کی زیادہ گنجائش رکھنی ہوگی۔
- **پبلک ٹرانسپورٹ:** اس بندی کے دوران بس روٹ تبدیل نہیں کیے جائیں گے مگر 14، 94، 95 نمبر کی بس سروسز میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے اس لیے بس سے اپنے سفر کی منصوبہ بندی کریں اور سفر کے لیے زیادہ وقت کی گنجائش رکھیں۔
- **سائیکلنگ اور ایکٹیو ٹریول:** اپنے اختیارات پر غور کریں اور اگر آپ کسی مختصر مسافت کے لیے مقامی طور پر سفر کر رہے ہوں تو اپنی منزل تک پیدل چل کر یا سائیکل چلا کر جانے پر غور کریں۔
- **کیا آپ اپنے سفر کا وقت تبدیل کر سکتے ہیں؟** ممکن ہونے کی صورت میں بھیڑ بھاڑ سے احتراز کریں خاص طور پر صبح 08:00 تا 09:00 اور دو پہر 14:00 تا 16:00 کے درمیان تاکہ اسکولی اوقات سے بچ سکیں۔

# بنیادی پیغامات

براہ کرم اپنے سفر کے لیے اضافی وقت کی گنجائش رکھیں۔ نکلنے سے پہلے تازہ ترین ٹریفک کی حالتیں چیک کر لیں اور اپنے سفر کی منصوبہ بندی کریں

اپنے سفر کے لیے زیادہ وقت کی گنجائش رکھیں – واش ووڈ ہیتھ روڈ، الم راک روڈ اور سالٹلے وایاڈکٹ (B4114) پر ٹریفک زیادہ رہے گا

اگر بس سے سفر کر رہے ہوں تو سفر میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے اس لیے براہ کرم اپنے سفر کی منصوبہ بندی کریں اور سفر کے لیے اضافی وقت کی گنجائش رکھیں

مختصر مسافت والے اسفار کے لیے، کیا آپ اپنی منزل تک پیدل چل کر یا سائیکل چلا کر جا سکتے ہیں؟

# اسکرین سیور




**اسکرین سیور** کا استعمال ریسپشن اسکرینز پر یا آپ کی سائٹ پر عوامی جگہوں میں کیا جا سکتا ہے

براہ کرم اسکرین سیور کا مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یہاں کلک کریں

# فلائر




براہ کرم فلائر کا مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یہاں کلک کریں

معلومات کی ترسیل کے لیے **فلائر** تقسیم کیا جا سکتا ہے

# A4 پوسٹر




براہ کرم پوسٹر کے مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے
یہاں کلک کریں

معلومات کی ترسیل کے لیے **A4 پوسٹر** پرنٹ اور تقسیم کیا جا سکتا ہے

# سوشل میڈیا پوسٹس – فیس بک




سوشل میڈیا کے مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یہاں کلک کریں

**مجوّزہ ٹیکسٹ**
آسٹن چرچ روڈ 5 اکتوبر 2024 سے بند ہو جائے گا۔
براہ کرم مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں

# سوشل میڈیا پوسٹس - X (ٹوئٹر)

**مجوّزہ ٹیکسٹ**

5 اکتوبر 2024 سے آسٹن چرچ روڈ پر #سڑک بند۔
براہ کرم مزید معلومات کے لیے
[www.tfwm.org.uk/washwoodheath](http://www.tfwm.org.uk/washwoodheath)
ملاحظہ کریں۔

براہ کرم سوشل میڈیا کے مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے <u>یہاں کلک کریں</u>



# شخصی معلومات کی تقریبات

آسٹن چرچ روڈ بند ہونے سے پہلے درج ذیل تقریبات منعقد کی جائیں گی۔

انجام پانے والے کاموں اور روڈ بند ہونے سے متاثر ہونے والی کمیونٹیوں کے لیے دستیاب سفری تعاون کے بارے میں مزید معلومات کے لیے تشریف لائیں

آپ شرکت کے لیے درج ذیل لنک کے ذریعہ سائن اپ کر سکتے ہیں: HS2 کمیونٹی تقریبات

- پیر 10 ستمبر Nechells POD 28 Oliver Street, B7 4NX 1500 - 1800
- ہفتہ 14 ستمبر Star City 32 Watson Road, B7 5SA 1200 - 1800
- پیر 16 ستمبر Free@last 49 Nechells Park Rd, B7 5PR 1600 – 1900
- منگل 17 ستمبر Rockwood Academy Naseby Rd, B8 3HG 1700 - 1900
- پیر 23 ستمبر Ward End Fire Station Washwood Heath Rd, B8 2HF 1400 - 1900
- جمعرات 26 ستمبر The Fort Shopping Centre 20 Fort Parkway, B24 9FP 1200 - 1800

# کمیونٹی، اسکول اور بزنس ٹریول سے متعلق پیش کش

TfWM تنظیموں کو سپورٹ ان لوگوں کی مدد کرنے کے لیے کرتا ہے جو اپنی سائٹوں سے اور سائٹوں تک پائیدار سفر کو اختیار کرتا ہے:

ہم لوگ درج ذیل فراہم کر سکتے ہیں:

- حسب ضرورت سفر کی منصوبہ بندی میں مدد
- بس، ریل اور میٹرو کی ٹکٹوں سے متعلق صلاح اور پائیدار سفری اختیارات کو رواج دینے کے لیے حوصلہ افزا انعامات
- سفر میں خلل سے متعلق مشورہ
- آپ کی تنظیم میں پائیدار سفر کو سپورٹ کرنے کے لیے قابل ڈاؤن لوڈ وسائل۔
- نئی ملازمت شروع کرنے والوں کے لیے کام پر جانے کے لیے زیادہ سستا سفر کام پر جانے کے لیے زیادہ سستا سفر حاصل کریں | ٹرانسپورٹ فار ویسٹ مڈ لینڈز (tfwm.org.uk)
- سائیکلنگ کے لیے مختلف حوصلہ افزا انعامات جن میں نئے رائڈرز کے لیے مینٹننس کلاسز اور سائیکلنگ سپورٹ شامل ہیں سائیکلنگ کی سرگرمیاں | ٹرانسپورٹ فارم ویسٹ مڈ لینڈز (tfwm.org.uk)

براہ کرم مزید معلومات کے لیے ٹیم سے behaviourchangehub@tfwm.org.uk پر رابطہ کریں۔

# کارآمد رابطے

| سفر سے ٹھیک پہلے سفر کی معلومات اور اپنے سفر کی منصوبہ بندی میں مدد کے لیے، براہ کرم ذیل میں ملاحظہ کریں: | | | |
|---|---|---|---|
| کسی سفر کا منصوبہ بنائیں | ٹرانسپورٹ فار ویسٹ مڈ لینڈز | https://www.tfwm.org.uk/plan-your-journey/ | @TransportForWM |
| کسی سفر کا منصوبہ بنائیں | نیشنل ایکسپریس بس (National Express Bus) | https://nxbus.co.uk/west-midlands/journey-planning | @nxwestmidlands |
| کسی سفر کا منصوبہ بنائیں | گوگل | https://www.google.co.uk/maps/ | |
| بذریعہ ٹرین | نیشنل ریل (National Rail) | nationalrail.co.uk/Contact-Us | @nationalraileng |
| بذریعہ سائیکل | سائیکل اسٹریٹسn(Cyclestreets) | https://www.cyclestreets.net | |

پروجیکٹ سے متعلق تازہ ترین معلومات تک رسائی درج ذیل کے ذریعہ کی جا سکتی ہے:

**TfWM** **HS2**

اگر آپ کو متبادل فارمیٹ میں کسی مواد کی ضرورت ہو تو رابطہ کریں: customerservices@tfwm.org.uk

HS2 ایک نیا ہائی اسپیڈ ریلوے ہے جو کہ نارتھ، مڈلینڈز اور ساؤتھ-ایسٹ کو جوڑے گا اور اس طرح برطانیہ کے 10 سب سے بڑے شہروں میں سے آٹھ کو خدمات فراہم کرے گا۔ یہ آئندہ یو کے کے کم کاربن والے ٹرانسپورٹ کے لیے ناگزیر ہے نیز یہ ملک بھر میں انتہائي ضروری ریل کو وسعت فراہم کرے گا۔ یہ نارتھ اور مڈلینڈز میں دیگر ریل پروجیکٹوں کا اہم جزو ہے جس سے یو کے کی معیشت کو دوبارہ متوازن بنانے میں مدد ملے گی۔ HS2 کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہماری HS2 ہیلپ ڈیسک ٹیم سے 434 434 08081 پر رابطہ کریں یا hs2enquiries@hs2.org.uk پر ای میل کریں، یا ان کاموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے جو ہم لوگ برمنگھم علاقے میں انجام دے رہے ہیں، ملاحظہ کریں https://www.hs2.org.uk/birmingham

Balfour Beatty VINCI یوروپ میں انتہائی حیرت انگیز اور چیلنج بھرے ریلوے پروجیکٹ ڈیزائن کرنے اور اس کے حصّہ کو بنانے کے لیے ذمہ دار ہے: HS2۔ ہم لوگ HS2 کے فیز ون روٹ کا ویسٹ مڈلینڈز سیکشن تعمیر کر رہے ہیں جو کہ واروکشئر میں لانگ اچنگٹن سے اسٹیفورڈ شئر میں ہینڈ سیکر تک تقریبا 90 کیلو میٹر تک پھیلا ہوا ہے۔ ہم لوگ ویسٹ مڈ لینڈز علاقے میں HS2 کے لیے سول اسٹرکچر کا ڈیزائن تیار کرنے اور بنانے کے لیے علاقہ میں ہزاروں لوگوں کو کام پر رکھیں گے۔

نیشنل ہائی ویز (National Highways) انگلینڈ کے موٹر ویز اور بڑے A روڈز کو آپریٹ کرتا ہے، ان کی دیکھ بھال کرتا ہے، اور انہیں بہتر بناتا ہے۔ سڑکوں کا ہمارا نیٹ ورک ملک اور ہمارے گاہکوں کو چلانے کے لیے انتہائی اہم ہے، اور ان کی سلامتی ہنوز ہماری ترجیح ہے۔ ہم لوگ جہاں ہمارے لیے ممکن ہو اپنے کاموں کے پروگرامز کا منصوبہ بنانے اور باہمی تعاون کرنے کے لیے HS2 لمٹیڈ اور دیگر شرکاء کے ساتھ کام کرنے کے لیے پابند عہد ہیں ۔ HS2 کے ذریعہ ان کاموں کو انجام دینے کے دوران ہم لوگ سڑک استعمال کرنے والوں کو پیشگی طور پر کام سے متعلق مطلع اور باخبر رکھنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے تاکہ آپ اپنے سفر کی منصوبہ بندی کر سکیں اور ایک بہتر مربوط مستقبل بنانے میں تعاون کر سکیں۔

ای میل: info@highwaysengland.co.uk

عام استفسارات: 0300 123 5000

ٹرانسپورٹ فار ویسٹ مڈ لینڈز (TfWM) **ویسٹ مڈ لینڈز کمبائنڈ اتھارٹی** کا حصّہ ہے۔ ہم لوگ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بس اور ٹرین آپریٹروں کے ساتھ کام کرتے ہیں کہ پبلک ٹرانسپورٹ محفوظ، بھروسہ مند، سستا اور ہر شخص کے لیے قابل رسائی رہے۔

ٹرانسپورٹ فار ویسٹ مڈ لینڈز | سفر کی منصوبہ بندی، ٹکٹیں اور مدد (tfwm.org.uk)

برمنگھم، انگلینڈ کے لیے مقامی حکومت۔ برمنگھم سٹی کونسل جو کہ The Council House, Victoria Square, Birmingham B1 1BB کے پتے پر واقع ہے، یو کے کی سب سے بڑی لوکل اتھارٹی ہے۔ یہ روزانہ ایک ملین شہریوں کو خدمات پیش کرتا ہے۔

برمنگھم سٹی کونسل کا ہوم پیج